**PRE UPPER PRIMARY SCHOLARSHIP EXAMINATION (STD. 5TH), FEBRUARY 2017**

نشست نمبر | | | | | | | | | | |

# 0201

Set **C**

## Medium : Urdu

زبان اول اور ریاضی

**First Language and Mathematics**

امتحان پرچہ نمبر I

وقت : 11.00 To 12.30

صفحات : 32

کل مارکس : 150

**سوالیہ پرچہ کوحل کرنے سے پہلے برائے مہربانی ذیل کی ہدایات بغور پڑھیے۔**

(1) اس سوالیہ پرچے کے دو حصّے ہیں۔ حِصّہ "I" میں زبان اول اُردو کے لئے **25** سوالات ہیں۔ حِصّہ II میں ریاضی کے لئے **50** سوالات ہیں۔ اس طرح سوالیہ پرچے میں کُل 75 سوالات ہیں۔ ہر سوال کو حل کرنا ضروری ہے۔

(2) ہر سوال کے **2** نمبرات ہیں۔


(3) سوالیہ پرچہ حل کرنے کے لئے کُل **90** منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔

(4) جواب کا اندراج کرنے کے لئے الگ سے جوابی پرچہ دیا گیا ہے۔ ہر سوال نمبر کے سامنے **چار** متبادلات کے لئے ترتیب وار چار دائرے دئے گئے ہیں۔ اُس میں صحیح متبادل والے دائرے کو دی گئی مثال کے مطابق رنگ بھرنا ہے۔

مثال : سوال نمبر **6** کے صحیح جواب کا متبادل نمبر **2** ہو تو اس کے لئے ذیل کے مطابق اندراج کریں۔

سوال نمبر **6** : ① ● ③ ④

(5) ذیل کے مطابق درج کئے گئے جوابات قبول نہیں کئے جائیں گے۔ اس طرح کے جواب لکھنے کی صورت میں 'صفر' نمبر دیا جائے گا۔



(6) متبادل دائروں کو بھرتے وقت صرف کالی یا نیلی بال پین کا استعمال کریں۔ پینسل سے بھر گئے جوابات نا قابل قبول ہونگے۔

(7) ایک بار درج کیا ہوا جواب تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔

(8) ہر سوال کے لئے ایک سے زیادہ بھرے ہوئے دائرے، کانٹ چھانٹ کئے ہوئے جوابات نا قابل قبول ہونگے۔

(9) سوالیہ پرچے کے ہر صفحے پر رف کام کرنے کے لئے نیچے خالی جگہ رکھی گئی ہے اور آخری صفحہ پر اپنا رف کام وہیں پر کریں۔

(10) امتحان کے لئے وقت محدود ہونے کی وجہ سے اگر آپ کو کسی سوال کا جواب نہیں آ رہا ہو تو آگے آنے والے سوالات کو حل کرنا شروع کر دیں۔ بعد میں اگر وقت بچتا ہے تو بقیہ سوالات کو حل کریں۔

(11) اگر کسی سوال میں کوئی غلطی/خامی کا احساس ہو تو اُس کے بارے میں سُپر وائزر یا سینٹر انچارج سے پوچھ تاچھ نہ کریں۔

(12) سوال میں کوئی غلطی/خامی/اعتراض کے بارے میں تحریری شکایت کسی سرپرست یا اِسکول کی جانب سے ہو تو اُسے B.E.O. یا ایجوکیشن آفیسر کے پاس نہ بھیجتے ہوئے براہِ راست پریکشا پریشد کے نام راست/ڈاک/ای- میل کے ذریعے روانہ کریں۔

(13) غلطی/کمی/اعتراض کے بارے میں عریضہ دینے کی مدت پریکشا پریشد کی ویب سائیٹ پر عارضی جوابی پرچے ساحقے ہونے کے اندرون 10 یوم ہوگی۔ دی گئی مدت کے آخری دِن تک وصول ہونے والی شکایت پر ہی غور کیا جائے گا۔

(14) طباعت کی غلطی یا دیگر وجوہات کی وجہ سے اگر سوال میں کوئی غلطی سرزد ہوگی تو ماہرین کی کمیٹی کی آراء کے مطابق اس سوال کو منسوخ کیا جائے گا۔

## حصّہ ا

# زبان اول

**1.** زمانہ مستقبل ظاہر کرنے والا متبادل پہچانیے :

(1) رحیم کام کر رہا ہے

(2) رحیم کام کرنے والا ہے

(3) رحیم کام کر چکا ہے

(4) رحیم کام کرتا ہے

**سوال نمبر 2 تا 4 : مندرجہ ذیل مربوط پیراگراف پر مبنی جملے مناسب متبادل کے ذریعے مکمل کیجیے۔**

**2.** کیٹ اور آرتھر ایک پیاری سی ۔۔۔۔۔۔۔ کے ماں باپ تھے۔

(1) بچی (2) بچہ

(3) عورت (4) پڑوسن

3. بچی جب تقریباً دوسال کی ہوئی تو اچانک ۔۔۔۔۔۔ ہوگئی ۔

(1) بیمار (2) غائب

(3) بڑی (4) شرمندہ

4. ماں باپ نے بچی کے ۔۔۔۔۔۔ کے لئے بڑی دوڑ دھوپ کی ۔

(1) ہنر (2) پڑھائی

(3) علاج (4) شادی

5. 'دشمنی' کا ہم معنی لفظ بتایئے :

(1) ملاوٹ

(2) رفاضت

(3) ہدایت

(4) عداوت

**6.** جس طرح ناک کا تعلق 'بو' سے ہے اسی طرح جلد کا تعلق ۔۔۔۔۔۔۔ سے ہے۔

(1) ذائقہ

(2) روشنی

(3) احساس

(4) خوشی

**7.** 'ہ م ا ر ع ش' ان حروفوں کا استعمال کر کے بامعنی لفظ بنایئے اور بتایئے کہ اس لفظ کے دائیں

جانب سے تیسرا حروف کونسا ہے؟

(1) ا

(2) ش

(3) ع

(4) ہ

**.8** سانپ کے رہنے کی جگہ کو کیا کہتے ہیں؟

(1) مھٹ (2) بارک

(3) بِل (4) بانبی

**.9** 'بلونگڑہ' کس جانور کے بچے کو کہتے ہیں؟

(1) بھالو (2) بھیڑ

(3) بلّی (4) بطخ

**.10** پہچانیے کہ ذیل میں کونسا متبادل 'درخت' کا ہم معنی نہیں ہے؟

(1) شجر (2) ہنال

(3) پیڑ (4) ثمر

11. ذیل میں ایک مرکب لفظ دیا گیا ہے۔ اسکے دونوں مفرد لفظوں کو جُدا کرنے کے چار طریقے بتائے گئے ہیں۔ ان میں سے جو طریقہ صحیح ہے، اسکا متبادل پہچانیے :

’شاہجہاں‘

(1) شا + ہجہاں

(2) شاہ + جہاں

(3) شاہج + ہاں

(4) شاہجہ + ہاں

12. شریف کا متضاد لفظ پہچانیے :

(1) دشمن

(2) نِکمّا

(3) رذیل

(4) حریف

**سوال نمبر 13 تا 15 : ذیل کا پیراگراف پڑھ کر اس کے نیچے دئے ہوئے سوالوں کے صحیح متبادل پہچانیے ۔**

کوئی سات سو برس پہلے ملک ہرات سے ایک عالم فاضل بزرگ خواجہ ملک علی اپنا دیس چھوڑ کر ہندوستان چلے آئے تھے ۔ اس زمانے میں یہاں غیاث الدین بلبن کی حکومت تھی ۔ باشاہ خواجہ ملک علی کے علم اور فضل سے متاثر ہوا اور ان کی بڑی قدر اور عزت کی اور ان کو قصبہ پانی پت کی زمین اور جائیداد پیش کی ۔ ۱۲۷۶ء کا ذکر ہے جب خواجہ ملک علی پانی پت میں آباد ہوئے ۔ اس بستی کی ایک خاص بات یہ تھی کہ یہاں ہر زمانے میں بڑے بڑے پڑھے لکھے لوگ پیدا ہوئے ۔ بڑے صوفی اور درویش جو خدا سے لَو لگائے رکھتے ہیں وہ بھی یہاں کئی گزرے ہیں ان میں ایک مشہور صوفی بزرگ بوعلی شاہ قلندر جو کئی سو برس پہلے یہاں ہوئے تھے ۔ ان کا مزار یہاں ہے جس کی زیارت کو دور دور سے لوگ آتے ہیں اور دعا مانگتے ہیں ۔ عید کے مہینے میں یہاں ان کا عرس بھی ہوتا ہے ۔

**13.** ہرات کس عالم کا ملک ہے؟

(1) غیاث الدین بلبن

(2) بوعلی شاہ

(3) خواجہ ایزد بخش

(4) خواجہ ملک علی

**14.** پانی پت کے لوگوں کی خاص بات کیا تھی؟

(1) تعلیم یافتہ

(2) غیر تعلیم یافتہ

(3) مہذب

(4) غیر مہذب

**15.** بوعلی شاہ قلندر کا مزار کہاں ہے؟

(1) ہرات

(2) پانی پت

(3) کیرالا

(4) دہلی

سوال نمبر16 تا 18 : ذیل کی نظم کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات پہچانیے ۔

مئی کے مہینے کا مانوس منظر
غریبوں کے ساتھی یہ کنکر، یہ پتھر
وہاں شہر سے ایک ہی میل ہٹ کر
سڑک بن رہی ہے

زمیں پر کدالوں کو برسا رہے ہیں
پسینے پسینے ہوئے جا رہے ہیں
مگر اس مشقت میں بھی گا رہے ہیں
سڑک بن رہی ہے

مصیبت ہے کوئی مسرّت نہیں ہے
انہیں سوچنے کی بھی فرصت نہیں ہے
جمعدار کو کچھ شکایت نہیں ہے
سڑک بن رہی ہے

16. دی گئی اس نظم میں کس مہینے کا ذکر کیا گیا ہے؟

(1) مئی (2) جون

(3) گرمی (4) جولائی

**17.** غریبوں کے ساتھی کسے کہا گیا ہے؟

(1) منظر (2) شہر

(3) کنکر، پتھّر (4) سڑک

**18.** سڑک کہاں بن رہی ہے؟

(1) شہر میں

(2) گاؤں میں

(3) شہر سے بہت دور

(4) شہر سے ایک میل ہٹ کر

**19.** ذیل کے جملے میں سے صفتِ نسبتی پہچانیے :

’محمد حاجی صابو صدّیق پالی ٹیکنک کالج میں انجینئرنگ کی پڑھائی بھی ہوتی ہے۔‘

(1) محمد حاجی صابو صدیق

(2) پالی ٹیکنیک کالج

(3) انجینئرنگ

(4) پڑھائی

20. درج ذیل متبادل میں سے مذکر لفظ کی شناخت کیجئے :

(1) گڑیا
(2) فصل
(3) زمین
(4) آسمان

21. واحد- جمع کی صحیح جوڑی متبادل سے پہچانیے :

(1) کاغذ- کاغذی
(2) پرندہ- پرندے
(3) برکت- برکتی
(4) حاجی- حاجات

22. 'کبوتر کو امن کی نشانی سمجھا جاتا ہے۔'

مندرجہ بالا جملے کا زمانہ پہچانیے ۔

(1) زمانہ حال
(2) زمانہ ماضی
(3) زمانہ مستقبل
(4) زمانہ ماضی ناتمام

23. 'املا' کے لحاظ سے صحیح متبادل پہچانیے :

(1) فلک شغاف

(2) فلک شگاف

(3) فلق شگاف

(4) فلق شغاف

24. 'پشیماں ہونا' اس محاورے کا مطلب متبادل میں سے تلاش کیجیے :

(1) پریشان ہونا

(2) پسینہ پسینہ ہونا

(3) شرمندہ ہونا

(4) مشکل میں پڑ جانا

25. مندرجہ ذیل کہاوت مکمل کیجیے :

طوطے کی بلا ۔۔۔۔۔۔۔

(1) بلی کے سر

(2) بندر کے سر

(3) چڑیا کے سر

(4) طوطی کے سر

## حصّہ II

## حساب

**.26** 855 میٹر لمبائی اور 205 میٹر چوڑائی والے ایک زمین کے ٹکڑے کو 400 روپئے فی مربع میٹر کے حساب سے فروخت کرنے پر زمین کی کل قیمت فروخت کیا ہوگی؟

(1) 17,62,750 روپئے
(2) 7,01,10,000 روپئے
(3) 7,05,110 روپئے
(4) 7,05,10,000 روپئے

**.27** اکرم کے پاس 50 روپئے، 20 روپئے، 10 روپئے اور 5 روپئے کے مساوی تعداد میں نوٹ ہیں۔ کل رقم 1,020 روپئے ہو تو اس کے پاس 50 روپئے کے کتنے نوٹ ہوں گے؟

(1) 50
(2) 12
(3) 68
(4) 34

کچّے کام کے لئے جگہ

28. مندرجہ ذیل میں غلط بیان کونسا ہے؟

(1) مستطیل کے تمام زاویوں کی پیمائش مساوی ہوتی ہے

(2) مستطیل کے تمام ضلع مساوی ہوتے ہیں

(3) مربع کے مستطیل ضلع ایک دوسرے پر عمود ہوتے ہیں

(4) مربع کے تمام زاویہ قائمہ ہوتے ہیں

29. یوسف نے 7 فی صدی فی سال کی شرح سے 20,000 روپئے 5 سال کے لئے بینک میں رکھے تو یوسف کو اس پر کتنا سود ملے گا؟

(1) 5,000 روپئے (2) 700 روپئے

(3) 7,000 روپئے (4) 500 روپئے

30. ناگپور سے وردھا اور وردھا سے ناگپور ایک بس نے بغیر وقفہ سے دن بھر میں 4 چکر مکمل کئے۔ ہر مرتبہ بس میں 42 مسافر تھے۔ 85 روپئے فی مسافر ٹکٹ کے حساب سے بس کی دن بھر کی کل آمدنی کتنی ہوگی؟

(1) 1,360 روپئے (2) 27,200 روپئے

(3) 28,560 روپئے (4) 28,660 روپئے

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**31.** پندرہ کروڑ پندرہ سو پندرہ اس عدد کو ہندسوں میں لکھیے :

(1) 1,50,01,515 (2) 15,00,00,515

(3) 15,01,50,015 (4) 15,00,01,515

**32.** 42 دہائی میں سے 10 اکائی تفریق کرنے پر اس میں کتنے دہائی ملانے پر 5 سیکڑہ حاصل ہوگی ؟

(1) 90 (2) 9

(3) 180 (4) 18

**33.** 5 گھنٹے 35 منٹ = کتنے منٹ ؟

(1) 535 (2) 95

(3) 300 (4) 335

**34.** مندرجہ ذیل میں سے نا مناسب بیان کونسا ہے؟

(1) دائرہ کا قطر نصف قطر کے دوگنا ہوتا ہے

(2) دائرہ کا قطر دائرہ کا سب سے بڑا وتر ہوتا ہے

(3) دائرہ کا نصف قطر، قطر کے آدھا ہوتا ہے

(4) ایک دائرہ میں صرف اور صرف ایک ہی قطر ہوتا ہے

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**.35** 85164 اس عدد میں مندرجہ ذیل میں سے کونسا عدد جمع کرنے پر 6 ہندسی چھوٹے سے چھوٹا عدد حاصل ہوگا؟

(1) 14835 (2) 14836


(3) 14736 (4) 14735


**.36** $7.7 + 0.7 + 00.70 + 0.07 + 0.77 + 0.00007 = ?$


(1) 9.94007 (2) 99.4007


(3) 9.24707 (4) 9.2407

**.37** غلط متبادل تلاش کیجئے:

(1)  $= \frac{1}{4}$

(2)  $= \frac{1}{4}$

(3)  $= \frac{1}{4}$

(4)  $= \frac{1}{4}$

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**.38** حاجی صاحب کے پاس 100 روپیے کے نوٹوں کی تعداد کا پاؤں گنا نوٹ 500 روپیے کے، نصف گنا نوٹ 50 روپیے کے اور دوگنا نوٹ 1 روپیے کے، اس طرح کل رقم 10,080 روپئے ہیں، تو بتائیے حاجی صاحب کے پاس 100 روپیے کے کتنے نوٹ ہوں گے؟

(1) 20 (2) 30

(3) 40 (4) 50

**.39** 1 سے 100 تک کے اعداد میں سب سے بڑے مفرد عدد اور سب سے چھوٹے طاق مفرد کا حاصل ضرب کتنا ہوگا ؟

(1) 194 (2) 291

(3) 198 (4) 293

**.40** $\frac{4}{7}, \frac{7}{4}, \frac{2}{28}, \frac{5}{14}$ اِن میں سب سے چھوٹی کسر کونسی ہے؟

(1) $\frac{4}{7}$ (2) $\frac{7}{4}$

(3) $\frac{2}{28}$ (4) $\frac{5}{14}$

**.41** $\frac{29}{8}$ اس کسر کی مندرجہ ذیل متبادل میں سے کونسی کسر ہم قیمت کسر نہیں ہے؟

(1) $3\frac{5}{8}$ (2) $\frac{58}{16}$

(3) $3\frac{6}{8}$ (4) $\frac{290}{80}$

---


کچّے کام کے لئے جگہ

**42.** فاطمہ نے چودہ ہزار پانچ سو روپے میں خریدے ہوئے ٹی.وی.کو درست کرنے کے لئے ساڑھے تین سو روپے خرچ کئے ۔ بعد میں وہ ٹی.وی.سولہ ہزار روپے میں فروخت کر دیا،تو بتایئے اس سودے میں اُسے کتنے روپے نفع یا نقصان ہوا؟

(1) نفع 1,050 روپے (2) نقصان 1,050 روپے

(3) نفع 1,150 روپے (4) نقصان 1,150 روپے

**43.**




مندرجہ بالا شکل پر واقع نقاط میں ہر دو نقاط ایک دوسرے سے جوڑنے پر زیادہ سے زیادہ کتنے قطعہ خط تیار ہوں گے؟

(1) 6 (2) 8

(3) 10 (4) 12

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**.44** ایک گروس کاغذ میں 5 دستے کاغذ چھپائی کے لئے استعمال کئے گئے تو گروس میں کتنے کاغذ باقی ہوں گے؟

(1) 60 (2) 20

(3) 12 (4) 24

**.45** باسط نے میراتھان میں 4 کلومیٹر کا فاصلہ 10 منٹ میں طے کیا تو اس نے ایک منٹ میں کتنا فاصلہ طے کیا ہوگا؟

(1) $\frac{4}{10}$ میٹر (2) 800 میٹر

(3) 400 میٹر (4) 40 میٹر

**.46** مستطیلی استوانہ کی سطح اور کناروں کی تعداد کا مجموعہ مکعب کے کنارے اور راسی نقطوں کی تعداد کے مجموعے سے کتنے کم یا زیادہ ہوگی؟

(1) 2 سے کم (2) 2 سے زیادہ

(3) 6 سے کم (4) 6 سے زیادہ

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**47.** * 54 * 6 یہ عدد 9 سے تقسیم پذیر ہو تو * کی جگہ کونسا ہندسہ آئیگا ؟

(1) 6 (2) 7

(3) 8 (4) 9

**48.** شبنم نے اپنے پاس موجود چاکلیٹ میں سے 15% چاکلیٹ جوسیف کو دئے۔ اگر اس نے جوسیف کو 30 چاکلیٹ دئے تو شبنم کے پاس کل کتنے چاکلیٹ تھے؟

(1) 90 (2) 150

(3) 60 (4) 200

**49.** اشفاق نے 15,000 روپئے 3 سال کے لئے کچھ شرح سے آصف کو استعمال کرنے کے لئے دئے۔ آصف نے اُسے 4,500 روپئے سود دیا، تو بتایئے سود کی فی صدی فی سال کی شرح کیا تھی؟

(1) 10 (2) 15

(3) 9 (4) 8

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**.50** 24 کے تمام عاد کی جمع کتنی ہوگی ؟

(1) 59 (2) 36

(3) 60 (4) 66

**.51** بڑے سے بڑے پانچ ہندسی عدد اور بڑے سے بڑے دو ہندسی عدد کی جمع چھوٹے سے چھوٹے تین ہندسی عدد سے کتنی زیادہ ہوگی ؟

(1) 1,00,098 (2) 99,998

(3) 99,999 (4) 1,00,198

**.52** ساجد کی پیدائش بروز جمعرات 15 ، جون 2011ء کو ہوئی ، تو اس کے پانچویں یوم پیدائش پر کونسا دن ہوگا ؟

(1) منگل (2) جمعرات

(3) سنیچر (4) پیر

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**53.** $\frac{6}{10}$ اس کسر میں $\frac{6}{10}$ کتنی مرتبہ جمع کرنے پر حاصل جمع 3 ہوگا ؟

(1) 5 مرتبہ　　(2) 3 مرتبہ

(3) 4 مرتبہ　　(4) 2 مرتبہ

**54.** 40,56,784 اس عدد میں 4 کی مقامی قیمت کا مجموعہ 5 کی مقامی قیمت سے کتنا زیادہ ہوگا ؟

(1) 40,00,004　　(2) 39,50,004

(3) 39,50,000　　(4) 40,50,004

**55.** 6363 ÷ 9 اس تقسیم میں مقسوم علیہ کو 2 سے کم کرنے پر خارج قیمت کتنا بڑھے گا ؟

(1) 1　　(2) 10

(3) 100　　(4) 202

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**56.** 9 ,8 ,7 ,6 ,5 ان اعداد کو صرف ایک مرتبہ استعمال کر کے ایسا بڑے سے بڑا پانچ ہندسی عدد بنائیے جو 8 سے تقسیم پذیر ہو؟

(1) 79856 (2) 97658

(3) 97586 (4) 97856

**57.** 24 گھنٹے والی گھڑی کے مطابق کرکٹ کا مقابلہ 10 بجے شروع ہوا اور 45 : 16 کو ختم ہوا۔ مقابلہ ختم ہونے پر 12 گھنٹے والی گھڑی میں کتنے بجے ہوں گے؟

(1) 5 : 45 (2) 4 : 45

(3) 15 : 45 (4) 2 : 45

**58.** 50 کا 50 فی صدی یعنی کتنا ؟

(1) 50 (2) 100

(3) 25 (4) 75

---

کچّے کام کے لئے جگہ

سوال نمبر 59 اور 60 : مندرجہ ذیل کے جوابات تصویری خاکہ کی بناء پر دیجئے۔

| اسکول آنے کے ذرائع | طلباء کی تعداد |
|---|---|
| پیدل | △△△ |
| سائیکل | △△△△ |
| رکشا | △△△△△△ |
| سرپرستوں کے ساتھ | △△ |

پیمانہ: 1 تصویر = 50 طلباء۔

**59.** خاکہ میں کل کتنے طلباء کی معلومات درج ہے؟

(1) 75 (2) 50

(3) 500 (4) 750

**60.** رکشا کے ذریعہ آنے والے طلباء سائیکل کے ذریعہ آنے والے طلباء سے کتنے زیادہ ہے؟

(1) 300 (2) 200

(3) 100 (4) 50

کچّے کام کے لئے جگہ

**61.** رومن عددی علامتوں کے مطابق حل کیجئے :

M – D ÷ L = ?

(1) 10 (2) 90

(3) 8 (4) 990

**62.** ساڑھے پینسٹھ ہزار روپے میں خریدی ہوئی گاڑی چوّن ہزار روپے میں فروخت کرنے پر کتنے روپے نقصان ہوگا؟

(1) ₹ 10,500 (2) ₹ 11,500

(3) ₹ 1,500 (4) ₹ 11,000

**63.** 970 روپے میں 50 روپے کے زیادہ سے زیادہ کتنے نوت ہوں گے؟


(1) 17 (2) 18


(3) 19 (4) 20


---


کچّے کام کے لئے جگہ

**64.** مندرجہ ذیل شکلوں میں کونسی شکل پینٹومینو نہیں ہے :

(1) 

(2) 

(3) 

(4) 

**65.** 8 اکتوبر 2016ء کو دوسرے سنیچر کے روز سرکاری چھُٹی تھی تو چوتھے سنیچر کے چھٹی کے روز کونسی تاریخ ہوگی ؟

(1) 22 اکتوبر  (2) 24 اکتوبر

(3) 23 اکتوبر  (4) 20 اکتوبر

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**66.** 13 سینٹی میٹر لمبائی اور 5 سینٹی میٹر چوڑائی والے دو مستطیل کو چوڑائی کی جانب سے جوڑنے پر جو شکل تیار ہوگی اس کا احاطہ کتنا ہوگا؟

(1) 67 سینٹی میٹر

(2) 130 سینٹی میٹر

(3) 72 سینٹی میٹر

(4) 62 سینٹی میٹر

**67.** حل کیجئے:

$$\left(\frac{15}{7}+\frac{6}{7}-\frac{2}{7}\right)-\frac{4}{7}=?$$

(1) $\frac{19}{7}$

(2) $\frac{19}{21}$

(3) $\frac{15}{7}$

(4) $\frac{23}{7}$

**68.** $b \times \frac{1}{8} = 8$ ہوتو $b = ?$

(1) 1

(2) 16

(3) 64

(4) 72

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**69.** حذیفہ کے باغ میں الگ الگ قسم کے 2100 درخت تھے۔ ان میں سے 25% آم کے، 20% ناریل کے، 40% کٹھل کے اور بقیہ سوپاری کے درخت تھے، تو بتایئے سوپاری کے کل کتنے درخت تھے؟

(1) 105 (2) 525

(3) 315 (4) 415

**70.** 42,000 ملی میٹر لمبائی کے تار کو 6 جگہ کاٹ کر اس کے مساوی ٹکڑے کئے گئے تو بتایئے ہر ٹکڑے کی لمبائی کتنی ہوگی؟

(1) 7 میٹر (2) 6 میٹر

(3) 600 ملی میٹر (4) 700 ملی میٹر

**71.** مندرجہ ذیل میں سے بڑا اعدد پہچانیے :

0.06, 0.6, 6.0, 0.006

(1) 0.06 (2) 0.6

(3) 6.0 (4) 0.006

---

کچّے کام کے لئے جگہ

72. 

$$\begin{array}{r} \square\ \square\ \square \\ -\ \bigcirc\ \bigcirc\ \bigcirc \\ \hline \triangle\ \triangle\ \triangle \end{array}$$

□ ، ○ ، △ کی جگہ بالترتیب کونسے ہندسے آئیں گے؟

(1) 7, 3, 5 (2) 9, 4, 5

(3) 9, 7, 3 (4) 2, 1, 0

73. 4,97,998, 4,98,989, 4,97,889, 4,97,999

مندرجہ بالا اعداد کو اترتی ترتیب میں لکھنے پر پہلے اور تیسرے اعداد کی حاصل جمع کیا ہوگی؟

(1) 996987 (2) 996988

(3) 996878 (4) 996888

---

کچّے کام کے لئے جگہ

**74.** اسد نے ساڑھے تین روپئے فی پینسل کے حساب سے 3 درجن پینسلیں خریدی اور وہ تمام

پینسلیں150 روپئے میں فروخت کیں، تو اس سودے میں اسے کتنا نفع یا نقصان ہوا؟

(1) 120 روپئے فائدہ

(2) 24 روپئے فائدہ

(3) 24 روپئے نقصان

(4) 42 روپئے نقصان

**75.** زید نے35 روپئے5 پیسے اس رقم کو35.5 اس طرح لکھا، تو ان دونوں رقموں میں کتنا فرق ہوگا؟

(1) 45 پیسے

(2) 55 پیسے

(3) 50 پیسے

(4) کچھ بھی فرق نہیں ہوگا

---

کچّے کام کے لئے جگہ

کچّے کام کے لئے جگہ

کچّے کام کے لئے جگہ